www.sgbauonline.com

**AR–341**

# B.A. (Part—III) Examination
## URDU (Literature)
## (Optional Subject)

Time : Three Hours] [Maximum Marks : 100

سوال نمبر ۱۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف دو کی مع سیاق وسباق کے ساتھ تشریح کیجئے۔

20

۱۔ یہ مسلم ہے کہ قوت متخیلہ کی ترقی اور جذبات کی ترتیب کا شعر سے بہتر کوئی ذریعہ نہیں اور یہ دونوں چیزیں انسانی زندگی میں اتنی اہمیت رکھتی ہیں کہ کوئی صحیح نظام تعلیم انہیں نظر انداز نہیں کر سکتا۔ نفسیات نے ہمیں بتایا ہے کہ قوت متخیلہ کی ترقی صرف شعر و شاعری ہی کے لئے ضروری نہیں ہے۔ تمام ایجادات واختراعات اس قوت کے کرشمے ہیں۔ ہر علم وفن کی ترقی بہت کچھ اسی قوت کی ترقی پر منحصر ہے۔ ہر تصنیف وتالیف اس قوت کی رہین منت ہے۔ معاشرت کے تمام کاروبار میں اسی قوت کو دخل ہے اور انسان کو اپنی زندگی میں طرح طرح کے نئے نئے موقع دن رات پیش آتے رہتے ہیں۔ ان سے عہدہ برآ ہونا اس قوت کی دستگری کے بغیر ممکن نہیں۔ ظاہر ہے کہ قوت متخیلہ کو ترقی دینا کس قدر ضروری ہے۔



www.sgbauonline.com

www.sgbauonline.com

۲۔ کوئی شاعر کتنا ہی رسا ذہن اور بلند فکر رکھتا ہو کوئی ایسا خیال پیدا نہیں کر سکتا جو کبھی کسی کے ذہن میں نہ آیا ہو اور کوئی ایسا جذبہ پیش نہیں کر سکتا جو کبھی کسی نے محسوس نہ کیا ہو، پھر آخر جدت کیا ہے؟ شاعری میں جدت کی مختلف صورتیں ہوسکتی ہیں اگر شاعر کسی خیال کو دوسروں سے زیادہ پر زور یا پراثر انداز سے ادا کرے منتشر خیالات کو کسی خاص ترتیب سے پیش کرے، دوسروں کے مبہم اور دھندے خیالات کو واضح اور روشن کردے، کوئی بات اس طرح بیان کرے کہ اس کا اثر دوسروں کے بیان سے مختلف ہوجائے، پرانے خیالات کو اس طرح ادا کرے کہ وہ نئے معلوم ہونے لگیں، فرمودہ مضامین کو یوں باندھے کہ ان میں تازگی کی کیفیت پیدا ہوجائے تو ان سب صورتوں میں اس کے کلام کو جدت کی صفت سے متصف سمجھنا چاہئے۔

۳۔ ہماری شاعری میں کچھ غیر ملکی بالخصوص ایرانی عناصر شامل ہوگئے ہیں جن کو دیکھ کر بعض جلد باز طبیعتیں کہہ بیٹھتی ہیں کہ اردو شاعری اس ملک میں ایک بدیسی چیز ہے، اس میں ملکی خصوصیتیں نہیں پائی جاتیں اور یہ پتہ نہیں لگتا کہ جن شاعروں کا یہ کلام ہے وہ ہندوستانی ہے یا ایرانی، رائی کا پہاڑ بنانا اسی کو کہتے ہیں۔ اردو شاعری کا پتلا ہند کی خاک سے بنا اور نشو ونما بھی اسی سرزمین میں ہوئی، اس لئے گو وہ مدتوں فارسی شاعری کے نقش



www.sgbauonline.com

www.sgbauonline.com

قدم پر چلتا رہا، مگر اس کی طبیعت نہیں بدلی، مزاج ہندوستانی ہی رہا۔ ذرا غزل پر نگاہ کیجئے دیکھئے زیادہ تر مجرد جذبات کی تصویریں ہیں جو بے وقت اور مقام کی قید سے آزاد ہیں۔ لیکن جہاں کہیں ہندوستان اور ایران کے جذبات میں فرق ہے وہاں اردو شاعری اپنے وطن کا ساتھ دیتی ہے۔

سوال نمبر ۲۔ مندرجہ ذیل بندوں میں سے کسی دو بند کی تشریح نظم کے حوالے کے ساتھ کیجئے۔ 20

۱۔ زندگی کا راز کیا ہے؟ سلطنت کیا چیز ہے؟
اور یہ سرمایۂ محنت میں ہے کیسا خروش؟
ہو رہا ہے ایشیا کا خرقۂ دیرینہ چاک
نوجواں اقوامِ نو دولت کے ہیں پیرایہ پوش
گرچہ اسکندر رہا محروم آبِ زندگی
فطرتِ اسکندری اب تک ہے گرم ناؤنوش
بیچتا ہے ہاشمی ناموسِ دینِ مصطفیٰ
خاک وخوں میں مل رہا ہے ترکمانِ سخت کوش
آگ ہے اولادِ ابراہیم ہے، نمرود ہے
کیا کسی کو پھر کسی کا امتحاں مقصود ہے



www.sgbauonline.com

www.sgbauonline.com

۲۔ یورپ میں بہت روشنی علم و ہنر ہے
حق یہ ہے کہ بے چشمۂ حیواں ہے یہ ظلمات
رعنائی تعمیر میں، رونق میں ، صفا میں
گرجوں سے کہیں بڑھ کے ہیں بنکوں کی عمارات
ظاہر میں تجارت ہے، حقیقت میں جوا ہے
سود ایک کا لاکھوں کے لئے مرگ مفاجات
یہ علم ، یہ حکمت، یہ تدبر، یہ حکومت!
پیتے ہیں لہو، دیتے ہیں تعلیم مساوات
بیکاری و عریانی و مے خواری و افلاس
کیا کم ہیں فرنگی مدنیت کے فتوحات؟

۳۔ جوانوں کو سوزِ جگر بخش دے
مرا عشق میری نظر بخش دے
مری ناؤ گرداب سے پار کر
یہ ثابت ہے تو اس کو سیار کر
بتا مجھ کو اسرارِ مرگ و حیات
کہ تیری نگاہوں میں ہے کائنات
مرے دیدۂ ترکی بے خوابیاں
مرے دل کی پوشیدہ بے تابیاں
مرے نالۂ نیم شب کا نیاز
مری خلوت و انجمن کا گداز



www.sgbauonline.com

www.sgbauonline.com

۴۔ آرزو اول تو پیدا ہو نہیں سکتی کہیں

ہو کہیں پیدا تو مر جاتی ہے یا رہتی ہے خام

یہ ہماری سعی پیہم کی کرامت ہے کہ آج

صوفی و ملا ملوکیت کے بندے ہیں تمام

طبع مشرق کے لئے موزوں یہی افیون تھی

ورنہ قوالی سے کچھ کمتر نہیں، علمِ کلام

ہے طواف و حج کا ہنگامہ اگر باقی تو کیا

کند ہوکر رہ گئی مومن کی تیغ بے نیام

کس کی نومیدی پہ حجت ہے یہ فرمانِ جدید

ہے جہاد اس دور میں مردِ مسلمان پر حرام

سوال نمبر۳۔ کسی ایک کا جواب ' ہماری شاعری' کے حوالے سے تحریر کیجیے۔ 10

۱۔ شعر میں خیال کی اصلیت سے کیا مراد ہے؟

۲۔ کلام میں زور کس طرح پیدا کیا جا سکتا ہے؟

۳۔ کلام میں صنعتوں کے حسن استعمال سے کیا مراد ہے؟

**یا**

مندرجہ ذیل نظموں میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ شعری خصوصیات کے ساتھ پیش کیجیے۔

۱۔ طلوعِ اسلام



www.sgbauonline.com

www.sgbauonline.com

۲۔ مسجد قرطبہ

۳۔ ساقی نامہ

سوال نمبر۴۔ مسعود حسن رضوی ادیب کی سوانح حیات لکھتے ہوئے ادبی خدمات کا جائزہ لیجئے۔ 20

یا

ڈاکٹر محمد اقبال کے حالات زندگی بیان کرتے ہوئے ان کی شاعری کی خصوصیات لکھئے۔

سوال نمبر۵۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔ 20

۱۔ ۱۸۵۷ء کے بعد اردو ناول

۲۔ پسندیدہ ادیب

۳۔ اردو مرثیہ نگاری

۴۔ کہتے ہیں کہ غالب کا ہے انداز بیاں اور

سوال نمبر۶۔ صرف پانچ صنعتوں کی تعریف مع مثالوں کے کیجیے۔ 10

لف ونشر غیر مرتب۔ تلمیح۔ استعارہ۔ مبالغہ۔

حسن تعلیل۔ مراۃ النظیر۔ تضاد۔ ایہام۔

تشبیہ

☆☆☆☆☆



www.sgbauonline.com